Virtual Summit between Prime Minister Shri Narendra Modi and Prime Minister of Vietnam H.E. Nguyen Xuan Phuc

December 18, 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور ویتنام کے وزیر اعظم عالی جناب نگوین شوآن فوک کے مابین ورچوئل سمٹ

18 دسمبر، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی 21 دسمبر 2020 کو ویتنام کے وزیر اعظم عالی جناب نگوین شوآن فوک کے ساتھ ورچوئل سمٹ کا انعقاد کریں گے۔

2۔ اس سربراہی اجلاس کے دوران، دونوں رہنما وسیع تر دو طرفہ، علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کریں گے اور ہندوستان ویتنام جامع اسٹریٹجک شراکت داری سے متعلق مستقبل کی پیشرفت کے لئے رہنمائی فراہم کریں گے۔

3۔ 2020 میں، دونوں ممالک نے اعلی سطح کے تبادلے برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ ویتنام کے نائب صدر عزت مآب محترمہ دانغ تھی نگوک تھن فروری 2020 میں سرکاری دورے پر ہندوستان آئی تھیں۔ دونوں وزراء اعظم نے 13 اپریل 2020 کو کووڈ- 19 وبائی مرض سے پیدا ہونے والی صورتحال پر تبادلہ خیال کے لئے ٹیلی فون پر بات چیت کی تھی۔ دونوں وزرائے خارجہ کی مشترکہ صدارت میں مشترکہ کمیشن اجلاس (ورچوئل طور پر) کے 17 ویں ایڈیشن کا انعقاد 25 اگست 2020 کو ہوا تھا۔ بھارتی وزیر دفاع نے 27 نومبر 2020 کو اپنے ہم منصب کے ساتھ آن لائن طور پر ایک میٹنگ کا انعقاد کیا تھا۔

نئی دہلی

18 دسمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.